# ایک

# بل

خیبر پختونخوا کمیشن برائے Status Of Women ایکٹ 2016 میں ترمیم کی غرض سے۔

ہر گاہ کے یہ امر قرین مصلحت ہے کی خیبر پختونخوا کمیشن برائے Status Of Women ایکٹ 2016 (خیبر پختونخوا ایکٹ نمبر 28، 2016) میں ترمیم بطریق ذیل کی جائے۔

لہذا صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا مندرجہ ذیل قانون وضع کرتی ہے۔

(1) مختصر عنوان اور آغاز:۔۔۔(1) جائز ہے کہ ایکٹ ہذا کو خیبر پختونخوا برائے Status Of Women (ترمیمی) ایکٹ 2025 کے نام سے موسوم کیا جائے۔

(2) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

(2) خیبر پختونخوا ایکٹ نمبر 28، 2016 کی دفعہ 2 میں ترمیم:۔۔۔۔ خیبر پختونخوا کمیشن برائے Status Of Women ایکٹ 2016 (خیبر پختونخوا ایکٹ نمبر 28، 2016) میں جو کہ بعد ازیں مزکورہ ایکٹ کہلائے گا کی دفعہ 2، کی شق (ب) کے بعد مندرجہ ذیل نئی شق ثبت کی جائے۔

(ب۔اول) "ڈیپارٹمنٹ" سے حکومتی محکمہ زکوۃ، عشر، سوشل ویلفیئر، اسپیشل ایجوکیشن اور سرکاری Women Empowerment مراد ہے۔

(3) خیبر پختونخوا ایکٹ نمبر 28، 2016 کی دفعہ 7 میں ترمیم:۔۔۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعہ 7 کیلئے مندرجہ ذیل متبادل متصور ہو گا۔یعنی۔

"7۔ کمیشن کا سیکرٹری:۔۔۔(1) حکومت کا اسٹبلیشمنٹ ڈیپارٹمنٹ BPS19 کے رینک کے PAS/PMS کے افسر کو کمیشن کے سیکرٹری کے طور پر تعینات کرے گا جس کی مدت ملازمت تین سال سے زیادہ نہیں ہوگی۔

(2) اپنی میعاد ختم ہونے کے باوجود، سیکرٹری اس وقت تک اپنی ذمہ داریاں جاری رکھے گا جب تک کہ اس کا جانشین عہدہ سنبھال نہ لیں۔

(4) خیبر پختونخوا ایکٹ نمبر 28،2016 کی دفعہ 8 میں ترمیم:۔۔۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعہ 8 کی شق (ہ) کیلئے مندرجہ ذیل متبادل متصور ہوگا۔یعنی

(ہ) ضلع میں ہر دفتر کے لیئے پالیسیوں، پروگراموں اور منصوبوں کا جائزہ لینے اور صنفی خدشات کو مناسب طریقے سے حل کرنے کو یقینی بنانے کیلئے محکمہ کی منظوری سے ضلع کمیٹیوں کی تشکیل اور قیام عمل میں لایا جائے گا۔ ضلع کمیٹی کی سربراہی ایسی شرائط وضوابط پر اور اس مدت کے لیئے ایک خاتون کرے گی، جیسا کہ قواعد وضوابط میں بیان کردہ ہے اور ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے متعین شدہ دیگر ممبران پر مشتمل ہوگی۔

اس فراہمی کے ساتھ کہ متعلقہ ضلع کی کسی بھی تحصیل لوکل گورنمنٹ کی دو خواتین ممبران کو ڈسٹرکٹ کمیٹی میں شامل کیا جائے گا۔"

(5) خیبر پختونخوا ایکٹ نمبر 28،2016 کی دفعہ 15 میں ترمیم:۔۔۔مذکورہ ایکٹ کی دفعہ 15 کی ذیلی دفعہ (2) کی شرطیہ جملے میں الفاظ اور کاما "ناظم، ڈسٹرکٹ گورنمنٹ" کیلئے الفاظ اور کاما "متعلقہ ڈیپارٹمنٹ، میئر، سٹی لوکل گورنمنٹ اور سٹی لوکل کونسل یا چیئرمین، تحصیل لوکل گورنمنٹ اور تحصیل کونسل، جیسی بھی صورت ہو" متبادل متصور ہونگے۔

## بیان اغراض و وجوہ

خیبر پختونخوا کمیشن برائے Status Of Women (ترمیمی) بل 2025 کا مقصد صنفی مساوات کی کوششوں کو مزید موثر بنانے کے لیئے کمیشن کے اپریشنل فریم ورک کو بہتر بنانا ہے کابینہ سے طویل منظوری کے عمل کو آسان بنانے کے ساتھ ساتھ اس عمل کو ہموار کرنا ہے تاکہ خواتین کی حیثیت سے متعلق ضلع کمیٹی کو بطور انتظامی کمیٹی کو محکمہ سماجی بہبود کے ذریعے مطلع کیا جاسکے جو کہ انتظامی محکمہ ہے، خواتین کی حیثیت سے متعلق خیبر پختونخوا کمیشن میں سیکریٹری کی تقرری حکومت خیبر پختونخوا کی بجائے اسٹیبلشمنٹ کے ذریعے کی جائے گی کیونکہ سیکرٹری کی پوسٹ شیڈول پوسٹ ہے کلیدی ترمیم میں خواتین کو بااختیار بنانے کے لیئے ذمہ دار متعلقہ ڈیپارٹمنٹ کی وضاحت، سیکرٹری کی تقرری کیلئے واضح شرائط کا تعین، اور مقامی سطح پر صنفی ردعمل کی پالیسیوں کی نگرانی کے لیئے صنفی کمیٹیاں تشکیل دینا شامل ہے۔

بل کے تحت ضلع کمیٹیوں کی سربراہی خاتون کرے گی، اور ان میں مقامی حکومتوں کی خواتین نمائندے شامل ہونگی۔ یہ فیصلہ سازی میں گورنمنٹ آفیشل رولز کی تبدیلی، ڈسٹرکٹ ناظمین کو میئرز اور تحصیل کونسل کے چیئرمینوں سے تبدیل کرنے کی بھی تجویز دینا ہے۔ ان تبدیلیوں کا مقصد صنفی مسائل کو حل کرنے میں کمیشن کے رولز کو تقویت دینا ہے، اور گورننس میں خواتین کی بڑھتی ہوئی شرکت کو یقینی بنانا ہے۔

مسودہ بل مذکورہ بالا مقاصد کو حاصل کرنے کی ایک کوشش ہے۔